Aik Saath ایک ساتھ 'Together'

# BCS

**Body Condition Scoring Facts Sheet**

# باڈی کنڈیشن اسکورنگ

## (جسمانی صحت کی درجہ بندی)

## تعارف

باڈی کنڈیشن اسکورنگ ایک ایسا پیمانہ ہے جس سے جانور کے جسمانی ذخائریعنی چربی کی مقدار کا تعین کیا جاتا ہے۔ہاتھ کی مدد سے چربی کی مقدار کا اندازہ لگایا جاتا ہے اور پھراس کے مطابق جانور کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔بھیڑبکریوں کی درجہ بندی کرتے وقت پانچ نکاتی پیمانہ استعمال کیا جاتا ہے۔ایک انتہائی دبلے پتلے اور لاغر جانور کو ایک نمبر دیا جاتا ہے اور ایک موٹے تازے اور فربہ جانور کو پانچ نمبر دیے جاتے ہیں۔آدھا نمبر دینے کا رواج بھی عام ہے۔


## کنڈیشن اسکورنگ (جسمانی درجہ بندی) کیوں کی جاتی ہے؟


- جانور کی غذائی حالت کو جانچنے کا ایک حقیقی طریقہ ہے
- کسی قسم کے ترازو، کانٹے، یا اور آلے کی ضرورت نہیں پڑتی۔
- یہ پیمانہ جانور کے قد، حمل اور اون کی مقدار پر انحصار نہیں کرتا/ پر منحصر نہیں ہوتا۔
- قبل از فروخت جانور کی جسمانی حالت کا ایک بڑا مددگار اندازہ ہے

*یاد رہے کہ یہ پیمانہ ایک سال سے چھوٹے جانوروں کیلئے موزوں نہیں ہے۔

## کنڈیشن اسکورنگ (جسمانی درجہ بندی) کیسے کی جاتی ہے؟


بھیڑبکریوں کی جسمانی کنڈیشن اسکورنگ جانچنے کیلئے اپنی انگلیوں اور انگوٹھے کو جانور کی ریڑھ کی ہڈی اور چھوٹی پسلیوں کے درمیان آگے پیچھے پھیریں۔صلب یعنی پٹھ پر چربی اور گوشت کی مقدار کو محسوس کریں جو کہ چھوٹی پسلیوں، ریڑھ کی ہڈی اور ان کے درمیانی پٹھوں پر مشتمل ہوتا ہے۔کنڈیشن اسکورنگ ہڈیوں کے انتہا کی گولائیوں، ہڈیوں کے درمیانی ٹشوز اور بھرے بھرے پٹھوں کی بناء پر کی جاتی ہے۔






بھیڑبکریوں میں کنڈیشن اسکورنگ

THE UNIVERSITY OF MELBOURNE
UVAS UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE
LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT DEPARTMENT GOVERNMENT OF THE PUNJAB
حکومت سندھ Government of Sindh
SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY TANDOJAM





BCS1 ایسے محسوس ہوتی ہے جیسے آپ اپنی انگلیوں کے سرے کو چھو رہے ہوں ۔ BCS 2 ایسے محسوس ہوتی ہے جیسے آپ اپنی پہلی دو بند انگشت کو محسوس کرتے ہیں ۔ چھوٹی پسلیوں کو محسوس کرتے وقت BCS 3 ایسے محسوس ہوتی ہے جیسے آپ اپنے ہاتھ کی پشت کو چھو رہے ہیں۔ تھوڑا سا دباؤ ڈال کر ہی آپ ہڈیاں محسوس کر سکتے ہیں۔
(تصویریں ملاحظہ فرمائیں)

| بھیڑ/بکری | بی سی ایس BCS | تشریح اور عمل |
|---|---|---|
| مادہ جانور برائے افزائش نسل | 2.5 سے کم (پتلے سے انتہائی پتلا) | انتہائی پتلے جانوروں اور ان کے چھوٹے بچوں کو بیماریوں اور موت کا خطرہ موجود ہوتا ہے۔ ایسے جانوروں کی غذا پر توجہ دیں۔ |
| مادہ جانور برائے افزائش نسل | 3.5 سے زیادہ | موٹے اور فربہ مادہ جانوروں کو پیدائشی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ لہذا حمل کے آخری ایام میں زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ |
| نر جانور برائے افزائش نسل | 2.5 سے کم یا 3.5 سے زیادہ (انتہائی پتلے اور انتہائی موٹے) | انتہائی پتلے اور انتہائی موٹے جانور افزائش نسل کیلئے موزوں نہیں ہوتے۔ کوشش کریں کے بی سی ایس 2.5 سے 3.5 کے درمیان رکھیں۔ |


## بی سی ایس 1

ریڑھ کی ہڈی نمایاں ہوتی ہے۔ پشت پر تقریبا کوئی گوشت نہیں ہوتا اور ہڈیاں بہت واضح ہوتی ہیں۔


Animal Appearance


## بی سی ایس 2

ریڑھ کی ہڈی ایک پتلی لہر بناتی ہیں لیکن گوشت کی موجودگی کی وجہ سے کچھ گولائی میں ہوتی ہیں ۔ چھوٹی پسلیاں بھی گولائی میں ہوتی ہیں مگر پھر بھی واضح ہوتی ہیں ۔


Animal Appearance


## بی سی ایس 3

ریڑھ کی ہڈیوں کی گولائیاں قابل محسوس ہوتی ہیں اگر ان پر زیادہ دباؤ نہ ڈالا جائے۔ چھوٹی پسلیوں کی انتہا زیادہ دباؤ ڈال کر ہی محسوس کی جا سکتی ہیں۔


Animal Appearance

## بی سی ایس 4

صرف زیادہ دباؤ ڈال کر ہی ریڑھ کی ہڈی محسوس کی جا سکتی ہے۔ چھوٹی پسلیاں گول اور گوشت سے بھرپور ہوتی ہیں اور ان کی ہڈیاں علیحدہ علیحدہ محسوس نہیں کی جا سکتیں۔ پٹھ کا گوشت باہر کی طرف ابھرا ہوتا ہے۔


Animal Appearance

THE UNIVERSITY OF MELBOURNE
UVAS UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE
LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT DEPARTMENT GOVERNMENT OF THE PUNJAB
حکومت سندھ Government of Sindh
SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY TANDOJAM